15/07/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں تعلیم کی اہمیت کو کیا اُجاگر۔

*........ گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا اور خلائی مشن کے دیگر ارکان کامیابی کے ساتھ پہنچے زمین پر// ایل جی منو ج سنہا کی کریو کو مبارکباد۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سکمز صورہ اور سکمز میڈیکل کالج کو معیار کی بلندیوں تک لیجانے کا دہرایا عزم۔

اور

*........ شری امر نا تھ جی یاترا احسن طریقے پر جا ری اب تک تقریباً2لاکھ32 ہزار یاتریوں کی گپھا پر حاضری۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت کا قومی ہدف عالمی سپر پاور بننا ہے۔آج کٹک میں Ravenshaw یونیورسٹی کے13 ویں سالانہ کنو وکیشن سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت نے بنیادی ڈھانچہ ، حفظان صحت، خلاء، سائنس، ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت جیسے کئی شعبوں میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے۔

انہوننے کہا کہ جب ہم نے2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے ہدف کو حاصل کر رہے ہوں گے، تعلیم یقینی طور پر ملک کی تعمیر اور بھارت کے مستقبل کو سنوارنے میں ایک اہم کر دار ادا کر ے گی ۔انہوننے طلباءسے کہا کہ وہ اپنی زندگی

کے عہد کو یاد رکھیں اور اپنے آپ کو سماج کی Country First, Soil First میں خدمت کےلئے وقف کریں۔

خلائ

مشن کے دیگر گروپ Axiom - 4 بھارتی خلاءباز گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلاا اور ممبران خلاءمیں18دن کا مشن مکمل کرنے کے بعد آج زمین پر آگئے۔ یہ کریو اب یہاں7روزہ باز آباد کاری پروگرام میں شرکت کرے گا۔

LG

Axiom-4 لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا کے تاریخی مشن سے کامیابی کے ساتھ واپس لوٹنے کو ملک کےلئے ایک تاریخی لمحہ قرار دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے گروپ کیپٹن اور کریو کے دیگر ارکان کو مبارکباد دی ہے۔

ایل جی نے کہا کہ اس مشن کی کامیابی سے نوجوان پود کو خلاءکے شعبے میں نئی منزلوں کو چھونے کی ترغیب ملے گی۔

سکمز

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ طبی شعبے سے وابستہ افراد خصوصاً ڈاکٹروں کو اس سیکٹر کے چلینجوں کے بارے میں حساس رہنا چاہئے۔ سکمز میڈیکل کالج بمنہ کے سالانہ دن کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے سکمز صورہ اور اس میڈیکل کالج کے مزید استحکام کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے احسن کار کر دگی کےلئے ادارے کے پرنسپل پروفیسر فضل کیو پرے کی قائیدانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔

تقریب سے خطاب کر تے ہوئے وزیر صحت سکینہ ایتو نے کالج سے فارغ التحصیل ہوئے طالب علموں کو مبارک دیتے ہوئے طبی سہولیات میں بہتری لانے کا عزم دہرایا۔

تقریب سے وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی محکمہ صحت کے سیکریٹری ڈاکٹر سید عابد رشید شاہ اور ڈائریکٹر سکمز ڈاکٹرمحمد اشرف گنائی نے بھی خطاب کیا۔رجسٹرار اکیڈیمکس ڈاکٹر اعجاز راتھر نے شکریہ کی تحریک پیش کی۔

برزلہCM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج بون اینڈ جوائنٹ اسپتال برزلہ میں نئے بلاک کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ حکومت طبی شعبے کو دوام بخشنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور آج کے پروجیکٹ سے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات دستیاب ہونگی۔ صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے اس موقعے پر کہا کہ آج کا پروجیکٹ مکمل ہونے سے مریضوں کی دیرینہ مانگ پوری ہوئی ہے۔

سکل ڈیولپمنٹ

سکل انڈیا مشن کے آج دس سال مکمل ہو گئے ہیں ۔ وزیر اعظم نریندر مو دی نے2015Entreprenneuship میں اس مشن کا آغاز کیا تھا، جس کا مقصد روزگار اور زند گی گزارنے کےلئے پائیدار مواقع کےلئے صنعت سے جڑی ہوئی ان مہارتوں کو نوجوانوں کے اندر پیدا کرنا تھا۔

سکل ڈیولپمنٹ کے مرکزی وزیر جینت چودھری نے سبھی شعبوں میں عملی اور ملازمت کےلئے تیار مہارتوں کے ساتھ نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے حکومت کے عزم کی توثیق کی۔ انہوننے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت میں اسکل انڈیا مشن ، خاص طور پر خواتین اور محروم طبقات کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا رہا ہے۔

سکل

ادھر جمونو کشمیر میں بھی سِکل ڈیولپمنٹ مشن کے تحت نمایاں پیش رفت حاصل کی گئی ہے اور کا فی تعداد میں نوجوان اس سے استفادہ کر رہے ہیں۔ جمونو کشمیر سکل ڈیولپمنٹ محکمے کے ڈائریکٹر شہزاد عالم نے اس ضمن میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران سرینگر موٹر گریجز محکمے کے کام کا جائزہ لیا۔

انکم ٹیکس

انکم ٹیکس محکمے نے کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اشتراک سے سڈکو انڈسٹریل کمپلیکس لاسی پورہ پلوامہ میں ٹیکس سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔ اس موقعے پر منعقدہ سوال و جواب سیشن میں انکم ٹیکس کی جوائنٹ کمشنر ڈاکٹر رویدا سلام، انکم ٹیکس محکمے کے ڈپٹی کمشنر شکیل نے شرکت کی۔ تقریب پرJhohar احمدگنائی اور انکم ٹیکس آفیسر سرینگر ابھینیت کے صدر جا وید احمد ٹینگہ اور انڈسٹریل ایسویشن لاسی پورہ کے صدر مختار KCCI احمد بھی موجود تھے۔

جمونو کشمیر اور لداخ کے چیف کمشنر آف انکم ٹیکس وکرم سہائے نے اس پروگرام کی افادیت کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

بینک

مرکزی وزارت خزانہ کے ڈپارٹمنٹ آف فائنانشل سروسز کی طرف سے مالی شمولیات سے متعلق تین ماہ طویل قومی سطح کی مہم کے تحت جموں کشمیر بنک کی طرف سے تمام کلسٹروں میں بڑے بیداری کیمپوں کا انعقاد جاری ہے ۔

جمونو کشمیر بینک کے ترجمان ڈاکٹر میر جا وید نے مہم کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر  DTH اور AIR خبریناآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

حادثہ

علاقے میں سڑک کے ایک حادثے میں مرنے والوں کی تعداد Pondaڈوڈا ضلعے کے بڑھ کر پانچ ہو گئی ہے۔ شدید طور سے زخمی ہونے والے پانچ سال کے ایک بچے کو گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں لے جایا گیا ہے، جبکہ11دیگر افراد کا ایک مقامی

Tempo Travellerاسپتال میں علاج چل رہا ہے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ایک ڈوڈا ۔ برتھ سڑک پر پھسل کر ایک گہری کھائی میں جا گری۔

ڈوڈہ تعزیت

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے حادثے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کر تے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت ظاہر کی ہے۔ انہوننے زخمیو ں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سڑک حادثے میں ہوئے جانی نقصان پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی مہلوکین کے کنبوں سے تعزیت کا اظہار کر تے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔

NCتعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ڈوڈہ میں پیش آئے دلدوز سڑک حادثے میں دکھ کا اظہار کیا ۔ انہوننے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت ظاہر کی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کےلئے دعا کی ۔

BJPتعزیت

بی جے پی کے قومی جنرل سیکریٹری ترون چُگ نے بھی ڈوڈہ میں پیش آئے سڑک حادثے میں رنجم و الم کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کےلئے دعا کی۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج بارش کے باوجود دونوں راستوں سے جاری ہے۔ آج سہ پہر4 بجے تک11ہزار770 یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے۔اس طرح اب تک تقریباً2لاکھ32ہزار یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار388 یاتر یوں کا ایک اور قافلہ وادی پہنچا۔

## جانباز کشتواڑی

عبدالاحد آزاد میموریل ڈگری کالج بمنہ سرینگر میں ساہتیہ اکیڈیمی کی طرف سے آج غلام نبی جانباز کشتواڑی کی یا د میں ایک سمپوزیم کا انعقاد کیا گیا،جس میں کا فی تعداد میںادب نوازوں نے شرکت کی۔ تقریب پر محمد امین بٹ، شاد رمضان، مدثر افشان، بشیر عارف، بشیر کرمانی، شمیمہ جانباز، منشور بانہالی، گلاب سیفی، شمشاد کرالہ واری، شاہدہ شبنم، نسیم شفائی اور کئی دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

سمپوزیم کے بارے میں ساہتیہ اکیڈیمی میں کنوینر کشمیری ایڈوائزری بورڈ پروفیسر شاد رمضان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

## تعزیت

متعدد سماجی، ثقافتی اور ادبی شخصیات نیز انجمنوں نے معروف ادیب ،شاعر اور فلم ساز شاہد بڈگامی کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کر تے ہوئے ادبی دنیا میں انکے رول اُجاگر کیا ہے۔ دوردرشن کیندر سرینگر کے سابق ڈائریکٹر شبیر مجاہد نے مرحوم کو خراج عقیدت ادا کر تے ہوئے کہا۔

ایک اور شاعر، محقق اور نقاد شہباز ہاکباری نے مرحوم کو ان الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔

کشمیر ی فکشن رائٹر شکیل الرحمان نے مرحوم کو خراج عقیدت ادا کر تے ہوئے کہا کہ ادبی دنیا میں انکے رول کو لمبے عرصے تک یاد رکھا جائے گا۔

جیسے کہ پہلے خبر دی جا چکی ہے کہ شاہد بڈگامی90برس کی عمر میں کل رات انتقال کر گئے۔

## تعزیت-2

جن دیگر شخصیات اور تنظیموں نے مرحوم کو خراج عقیدت ادا کیا ہے اُن میںپروفیسرمحمد زمان آزوردہ، ڈاکٹر حسرت حسین، ادا کار مشتاق علی احمد خان، نگینی کلچرل فاؤنڈیشن، احد زرگر میموریل ریسرچ فاؤنڈیشن ، محفل بہار ادب شاہور ہ پلوامہ، ساگر کلچرل فورم ژکورہ پٹن شامل ہیں۔

پروگرام اطلاع

دریں اثنا آکاشوانی سرینگر خراج عقیدت کے طور پر آج رات ساڑھے نو بجے اپنی سے مرحوم شاہد بڈگامی کے ساتھ ریکارڈ کیا گیا ایک خصوصی پروگرام Archives " سُخن سرود" نشر کرے گا ۔ اس پروگرام کے میزبان ہینڈاکٹر ستیش وِمل ۔

بی جے پی

بی جے پی کے قومی جنرل سیکریٹری ترون چُگ نے آج لداخ میں مذہبی پیشوا دلائی لامہ کے ساتھ ملاقات کی۔ بی جے پی کے جنرل سیکریٹری اشوک کول، بی جے پی لداخ کے صدر تاشی گیالسن خشو اور کئی دیگر لیڈران بھی انکے ہمراہ تھے۔ اس موقعے پر ترون چُگ نے کہا کہ بھارت بھگوان بدھا کی سر زمین ہیں اور وزیر اعظم نریندر مودی بودھی روایات اور اقدار کو تحفظ دے رہے ہیں۔

دریں اثناءبی جے پی کے قومی سیکریٹری ڈاکٹر نریندر سنگھ اور ڈاکٹر راجیو بھگت نے پارٹی ہیڈ کواٹر جموں میں ایک عوامی دربار کا کا انعقاد کیا ۔ انہوننے لوگوں کو یقین دلایا کہ تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰNCC

جموںو کشمیر اور لداخ سے تعلق رکھنے والے کئی این سی سی کیڈٹس نے اس سال این سی سی موئنٹ ایوریسٹ ایکسپڈشن 2025کے دوران موئنٹ ایورسٹ کی چوٹی کو سر کیا۔ اس کامیابی کو جموںو کشمیر کےلئے باعث افتخار قرار دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ان کیڈٹس کو مبارکباد دیتے ہوئے انکے عزم اور بہادری کو سراہا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23اعشاریہ9ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ9 ڈگری سیلسیس
جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 31 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر43منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

..........................................

..........................

...........